© rasailojaraid.com

اور ترقی یافتہ زبانوں میں اس پر بہت کام کیا گیا ہے۔ اگر کوئی صاحب ہمت اُٹھے تو اس فن کے مطالعہ سے مولانا مرحوم کی قائم کردہ بنیادوں پر بڑی عمارت تعمیر کر سکتا ہے۔

**تعلیم القرآن** | مولوی محمد عبدالرحیم صاحب۔ دارالاشاعت تعلیم القرآن، قطبی گوڑہ جدید، حیدرآباد دکن۔

صاحب موصوف نے قرآن مجید کی تعلیم کو عام کرنے کے لیے تفسیر قرآن کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے جو بیس بیس صفحے کے رسالوں کی صورت میں مسلسل شائع ہو رہی ہے۔ اب تک پارۂ عم تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ ہر سورہ کے آغاز میں سورہ کے مضامین کا خلاصہ اور اس کے متعلق ضروری معلومات دینے کے بعد تفسیر اس طرح کی گئی ہے کہ دو دو چار چار آیتیں نقل کر کے پہلے ان کے ایک ایک لفظ کا ترجمہ دیا ہے، پھر آیات کا مربوط ترجمہ ہے، پھر لغات کی تشریح ہے اور آخر میں تفسیر ہے۔ تفسیر قابلِ اطمینان ہے، صحیح عقائد کے مطابق ہے، اور عامۃ الناس کو قرآن کے مطالب سے جس قدر آشنا ہونا چاہیے اُس کے لیے کافی ہے۔ ہر رسالہ کی قیمت ار اور محصول ڈاک ۲ پائی ہے۔ ایک جلد کی قیمت (جو ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی) چار روپیہ مع محصول ڈاک رکھی گئی ہے۔

**تدوین حدیث** | مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی۔ ضخامت ۱۰۲ صفحات۔

حدیث کے متعلق آج کل علم کی کمی اور اجتہاد کی جرأتِ بیجا کے سبب سے جو شبہات بکثرت پھیل گئے ہیں، اُن کی تردید میں بہت سے اہلِ علم حضرات نے مفید مضامین لکھے ہیں، مگر ہماری نظر میں مولانا مناظر احسن صاحب کے اس خطبہ سے زیادہ جامع، تشفی بخش اور فوائد سے لبریز کوئی چیز ابھی تک شائع نہیں ہوئی۔ یہ خطبہ حیدرآباد میں جامعہ عثمانیہ کے توسیعی خطبات کے سلسلہ میں پڑھا گیا تھا اور وہیں کے مجموعہ تحقیقات علمیہ میں شائع ہوا ہے۔ جو لوگ حدیث کے بارے میں اپنے شکوک کو واقعی رفع کرنا چاہتے ہیں، یا حقیقت امر سے آگاہ ہونے کے خواہشمند ہیں انکو اس سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ افسوس ہے کہ کتاب پر نہ تو قیمت لکھی گئی ہے اور نہ یہی لکھا ہے کہ کوئی منگانا چاہے تو کہاں سے منگائے۔ بہتر ہو کہ مولانا

© rasailojaraid.com